ریاست نیو یارک
ورکرز کمپنسیشن بورڈ

# ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں شرکت کی رجسٹریشن

(ورکرز کمپنسیشن قانون 162§ کے مطابق تصدیق)

**براہ کرم صفحہ 3 سے شروع ہونے والی تصدیق مکمل کرنے سے پہلے پس منظر اور ذیل میں موجود ہدایات کو مکمل طور پر اور دھیان سے پڑھیں۔**

## پس منظر

1. 14 اگست 2006 کو، ورکرز کمپنسیشن قانون (WCL) آرٹیکل 8-A، ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں "شامل فرد" جو "اہلیتی حالت" میں مبتلا ہو، یا مستقبل میں مبتلا ہو سکے، اس کے ورکرز کمپنسیشن کی ضائع شدہ اجرت اور طبی مراعات کا دعویٰ دائر کرنے کے وقت میں توسیع کرنے کے لیے اور بورڈ کو ایسے دعوؤں کو دوبارہ کھولنے کی اجازت دینے کے لیے نافذ کیا گیا تھا جو پہلے بے وقت قرار دیے گئے تھے۔ "اہلیتی حالت" کی تعریف میں تبدیلی کرنے اور رجسٹریشن کی اختتامی تاریخ میں اضافہ کرنے کے لیے آرٹیکل 8-A میں حالیہ طور پر ترمیم کی گئی تھی۔
2. "ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں شریک فرد" (جس کا "شرکت کنندہ" کے طور پر حوالہ دیا جاتا ہے) WCL §161(1) میں درج ذیل میں سے کسی کے بھی طور پر متعارف کروایا جاتا ہے:
(a) **ملازم** جو ملازمت کی مدت کے دوران، یا (b) رضاکار جو بورڈ کے رُوبرو بورڈ کے اطمینان کے لیے شواہد پیش کرے کہ وہ مرد یا وہ خاتون:
   (i) ورلڈ ٹریڈ سینٹر کی سائٹ پر بچاؤ، بحالی، یا صفائی کی کارروائیوں میں 11 ستمبر 2001 اور 12 ستمبر 2002 کے درمیان شریک ہوا تھا/ہوئی تھی، یا
   (ii) نیو یارک شہر بمقام فریش کِلز لینڈ فِل (Fresh Kills Land Fill) میں 11 ستمبر 2001 اور 12 ستمبر 2002 کے درمیان کام کرتا تھا/کرتی تھی، یا
   (iii) نیو یارک شہر کے سرد خانوں یا مینہیٹن (Manhattan) کے مغربی کنارے پر بندرگاہی چبوترے والے مقامات پر عارضی سرد خانوں میں 11 ستمبر 2001 اور 12 ستمبر 2002 کے درمیان کام کرتا تھا/کرتی تھی، یا
   (iv) نیو یارک شہر میں مینہیٹن کے مغربی کنارے اور فریش کِلز لینڈ فِل کے درمیان بحری بیڑوں پر 11 ستمبر 2001 اور 12 ستمبر 2002 کے درمیان کام کرتا تھا/کرتی تھی۔
3. "ورلڈ ٹریڈ سینٹر سائٹ" کو اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ یہ "دریائے ہڈسن اور کینال اسٹریٹ سے شروع ہونے والی لائن کے ذیلی حصے میں کسی بھی مقام سے؛ کینال اسٹریٹ سے پائیک اسٹریٹ کے مشرق پر؛ پائیک اسٹریٹ سے دریائے مشرق کے جنوب کی جانب؛ اور مینہیٹن کی نچلی سطح تک پھیلی ہوئی ہے۔"
4. "اہلیتی حالت" کو اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ "ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی یا صفائی کی کارروائیوں میں شرکت کے دوران کسی بھی قسم کی خطرناک صورتحال سے دوچار ہونے کے نتیجے میں درج ذیل بیماریوں یا کیفیت کا لاحق ہونا:
   (a) بالائی حلقہ تنفس اور لعابی جھلی کے امراض، بشمول کیفیات مثلاً آشوبِ چشم، ناک کی سوزش، بلغم کا جمع ہونا، ورمِ حلق، ورمِ نرخرہ، صوتی نالی کا مرض، بالائی ہوا کی نالی کی شدید ردِعملی کیفیت اور سانس کی نالیوں کی سوزش، یا ایسی کیفیات کا مجموعہ؛
   (b) سانس کی نالی کے نچلے حصے کے امراض، جن میں بشمول لیکن بلاتحدید تنفسی نالی کی سوزش، دمہ، تنفسی نالی کی شدید ردِعملی کیفیت میں نقص کا عارضہ، اور نمونیا کی مختلف اقسام، جیسے انتہائی حساسیت، سوزش، یا ایئوسینوفیلیک (معدہ کی سوجن) شامل ہیں؛
   (c) معدے کی نالی کے امراض، ان میں شدید یا دائمی، غذائی نالی کی سوزش اور تیزابیت (متلی، قے) شامل ہیں، جو سامنا ہونے کی وجہ سے لاحق ہوں یا سامنا ہونے کی وجہ سے بڑھے ہوں؛
   (d) نفسیاتی محور کے امراض، بشمول صدمے کے بعد تناؤ کا مرض، بے چینی، ڈپریشن، یا اسی طرح کی کیفیات کا کوئی مجموعہ؛ یا
   (e) سامنا ہونے کے نتیجے میں شروع ہونے والے ایسے نئے امراض جن کا مستقبل میں لاحق ہونے کا خدشہ رہتا ہے، مثلاً کینسر، پھیپھڑوں کا دائمی مزاحمتی مرض، ایسبیسٹوس سے متعلق مرض، خالص دھاتی زہر خورانی، پٹھوں یا اعصاب کا مرض اور دائمی نفسیاتی مرض۔
5. ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی یا صفائی کی کارروائیوں میں شامل فرد کے دعوے کے سلسلے میں ورکرز کمپنسیشن قانون کے آرٹیکل 8-A کی درخواست کے اندر آنے والے، شرکت کنندہ سے ورکرز کمپنسیشن بورڈ ("بورڈ") کے پاس رجسٹر ہونے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ رجسٹریشن فارم (WTC-12) کو 11 ستمبر 2026 سے پہلے لازماً دائر کیا جانا چاہیئے۔
6. رجسٹر ہونے کے لیے، یہ تصدیق درست طور پر اور سچائی کے ساتھ مکمل کی جانی چاہیئے اور بورڈ کے ضلعی دفتر یا ڈاؤن اسٹیٹ سینٹرل میلنگ سینٹر (پتے ذیل میں دیکھیں) میں زیادہ سے زیادہ 11 ستمبر 2026 تک، حقیقی طور پر دائر کی جانی چاہیئے۔

## ہدایات

A. اگر آپ وررلڈ ٹریڈ سینٹر کی بچاؤ، بحالی، اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں "شرکت کنندہ" تھے، جیسا کہ اس اصطلاح کی اوپر وضاحت کی گئی ہے، تو پُرخطر حالات کا سامنا ہونے کے باعث "اہلیتی حالت" میں مبتلا ہونے، یا مستقبل میں مبتلا ہونے کے خدشے کے سبب، آپ ورکرز کمپنسیشن کے وظائف کے لیے دعویٰ کریں گے یا کر سکتے ہیں یا کر چکے ہیں، تو تصدیق کے سلسلے میں بورڈ کی جانب سے مطلوبہ معلومات فراہم کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔

B. براہ کرم درج ذیل معلومات فراہم کر کے تصدیق مکمل کریں:
**آئٹم 1 -** اپنا موجودہ رہائشی پتہ دیں، بشمول اپارٹمنٹ نمبر (اگر قابل اطلاق ہے)، اسٹریٹ نمبر، اسٹریٹ کا نام، شہر، ریاست اور زپ کوڈ۔ فراہم کیے گئے رہائشی پتے کے مختلف ہونے کی صورت میں ڈاک کا پتہ فراہم کریں۔ اپنا ٹیلی فون نمبر شامل کرنا یقینی بنائیں۔ براہ کرم اپنا سوشل سیکیورٹی نمبر اور اپنی تاریخ پیدائش بلحاظِ ماہ/تاریخ/سال فراہم کریں۔
**آئٹم 2 -** اس جملے سے یہ پتا چلتا ہے کہ آپ نے 11 ستمبر 2001 سے 12 ستمبر 2002 کے درمیان ورلڈ ٹریڈ سینٹر کی سائٹ، فریش کِلز لینڈ فِل، نیو یارک شہر کے سرد خانے یا عارضی سرد خانے، یا مینہیٹن اور فریش کِلز لینڈ فِل کے مغربی کنارے کے درمیان بحری بیڑوں میں ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی اور صفائی کی کارروائیوں میں حصہ لیا تھا۔
**آئٹم 3 -** یہ بتائیں کہ آیا آپ نے ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں ایک ملازم کی حیثیت سے حصہ لیا (اپنی ملازمت کے دوران تنخواہ کے لیے) یا رضاکار کے طور پر (اپنی ملازمت کی مدت کے دوران نہیں، بلکہ بغیر تنخواہ کے اپنی مرضی سے) شرکت کی؛
**آئٹم 4 -** رضاکارانہ طور پر اپنی سرگرمیوں کے کسی بھی قسم کے شواہد کی مختصر وضاحت کے ساتھ فہرست درج کریں، مثال کے طور پر، بیج، خطوط، بیانات، تصاویر، انتظامات، وغیرہ؛
**آئٹم 5 -** ٹیبل پُر کریں۔ اپنی بہترین صلاحیت کے مطابق ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی، اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں اپنی شرکت کی تاریخیں اور مقامات واضح کریں۔ ہر ایک مقام پر تاریخ یا تاریخوں کے مطابق اپنے وہاں کیے گئے کام کو بیان کریں۔ اپنے آجر (آجرین) یا تحفظاتی ادارے/رضاکار ایجنسی کا مکمل نام اور پتہ دیں جن کے ساتھ آپ نے ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی، اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں رضاکارانہ طور پر کام کیا ہے، اور اگر قابل اطلاق ہو اور آپ جانتے ہوں، تو اپنے آجر کے انشورنس کیریئر کا نام فراہم کریں؛ اور
**آئٹم 6 -** اس بات کی نشاندہی کریں کہ آیا آپ ورلڈ ٹریڈ سینٹر کی بچاؤ، بحالی، اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں اپنی شرکت سے متعلق سابقہ طور پر بورڈ کے پاس کارکنان کے معاوضے کا دعویٰ دائر کر چکے ہیں۔ اگر آپ ایسا کر چکے ہیں، تو آپ دعویٰ دائر کرنے کی تاریخ اور WCB کیس نمبر لازماً شامل کریں۔
**آئٹم 7 -** یہ آئٹم آپ کا فہم و ادراک بیان کرتا ہے کہ تصدیق جمع کروانا، اور نتیجتاً بطور "شرکت کنندہ" رجسٹر ہونا، ورکرز کمپنسیشن کے وظائف کے لیے دعویٰ دائر کرنے جیسا عمل نہیں ہے۔ وظائف کے لیے دعویٰ دائر کرنے کے لیے آپ پر بورڈ فارم C-3 یا فارم WTCVol-3 بروقت جمع کروانا لازم ہے۔
**آئٹم 8 -** یہ آئٹم بیان کرتا ہے کہ آپ سمجھتے ہیں کہ قانون ان افراد کولائق تعزیر قرار دیتا ہے جو بورڈ کوغلط تحریری دستاویزات جمع کرواتے ہیں اور غلط بیانات دیتے ہیں۔

C. تصدیق مکمل کرنے کے بعد، براہ کرم اس کا جائزہ لیں تاکہ یقینی بنایا جائے کہ یہ کامل اور درست ہے۔

D. تصدیق پر دستخط کریں۔ براہ کرم نوٹ کریں: اس بیان پر دستخط کرنے سے، آپ حلف اٹھاتے ہیں اور تصدیق کرتے ہیں کہ تعزیر دروغ گوئی کے تحت اس میں فراہم کردہ معلومات اور بیانات سچ ہیں۔ آپ اس بات کو سمجھنے کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ انشورنس کے دعوے کے سلسلے میں دروغ حلفی، قصداً غلط بیانات دینے، اور دائر کرنے کے لیے جھوٹی دستاویز جمع کروانے کے لیے قانون تعزیرات مقرر کرتا ہے۔

E. آپ پر بورڈ کے پاس حقیقی تصدیق زیادہ سے زیادہ 11 ستمبر، 2026 تک بورڈ کے ڈاک کے مرکزی پتے پر دائر کروانا لازم ہے:
P.O. Box 5205, Binghamton, N.Y. 13902۔

## اضافی معلومات

F. بورڈ کے پاس اس تصدیق کے جمع کروانے سے یہ **نہیں** سمجھا جائے کہ ورکرز کمپنسیشن کے وظائف کے لیے دعویٰ دائر کیا جا رہا ہے۔ ورکرز کمپنسیشن کے وظائف کے لیے دعویٰ دائر کرنے کے لیے، آپ کو ایک فارم C-3 ( ملازم کا دعوی برائے معاوضہ) یا WTCVol-3 (ورلڈ ٹریڈ سینٹر رضا کار کے معاوضے کا دعویٰ) بروقت بورڈ میں جمع کروانا چاہیئے۔

G. **براہ کرم نوٹ کریں:** اگر آپ نے ورلڈ ٹریڈ سینٹر کی بچاؤ، بحالی اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں اپنی شرکت سے متعلق ورکرز کمپنسیشن کے وظائف کے لیے پہلے دعویٰ دائر کیا تھا، جسے بورڈ نے اس وجہ سے نامنظور کر دیا تھا کیونکہ آپ نے اپنے آجر کو بروقت نوٹس نہیں دیا تھا یا مقررہ وقت کے اندر بورڈ کے پاس دعویٰ دائر نہیں کیا تھا، تو بورڈ اس طرح کے دعوے کو دوبارہ کھولے گا اور اس پر نظر ثانی کرے گا بشرطیکہ آپ کی تصدیق بورڈ کے پاس زیادہ سے زیادہ 11 ستمبر 2026 تک دائر کروائی جا چکی ہو۔

H. **براہ کرم نوٹ کریں:**

- "شرکت کنندہ" بورڈ کے پاس 11 ستمبر 2026 تک تصدیق جمع کروا کر لازمی رجسٹر ہو، تاکہ ان کے دعوے پر، دعویٰ دائر کرنے کی مدت میں توسیع کا اطلاق ہو سکے۔
- اگر کوئی "شرکت کنندہ" پہلے ہی "اہلیتی حالت" کے لیے ورکرز کمپنسیشن کے وظائف کے لیے دعوی دائر کر چکا ہے کہ جسے بروقت دائر نہ کرنے کی صورت میں مسترد کر دیا گیا تھا اور اب وہ بورڈ کے پاس بروقت تصدیق جمع کروانے میں ناکام ہوا ہے، تو بورڈ کی جانب سے "شرکت کنندہ" کا دعویٰ دوبارہ نہیں کھولا جائے گا اور نہ ہی اس پر نظرثانی کی جائے گی۔ سوائے اس کے کہ ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی یا صفائی کی کارروائیوں میں شرکت کرنے والے ایسے فرد کا دعویٰ اس باب کے سیکشن 18 یا سیکشن 28 کی جانب سے رد نہیں کیا جائے گا کہ جس کو 11 ستمبر 2012 اور 11 ستمبر 2021 کے درمیان کام کرنے کی صورت میں معذوری ہوئی ہو بشرطیکہ ایسا دعویٰ 11 ستمبر 2026 کو یا اس سے پہلے دائر کیا گیا ہو۔ کسی ایسے شرکت کنندہ کا ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی یا صفائی کی کارروائیوں میں شرکت کرنے کا ایسا کوئی بھی دعویٰ، جس کو 11 ستمبر 2012 اور 11 ستمبر 2021 کے درمیان کام کرنے کی وجہ سے معذوری لاحق ہوئی ہو، اور اس باب کے سیکشن 18 یا 28 کی جانب سے اسے نامنظور کیا گیا ہو، تو بورڈ کی جانب سے اس پر نظرثانی کی جائے گی۔
- توسیع شدہ مدت کے دوران دعویٰ دائر کرنے کا اطلاق صرف ایسے "شرکت کنندہ" کے دعویٰ پر ہو گا جو بورڈ کے پاس 11 ستمبر 2026 تک تصدیق جمع کروا کر رجسٹر ہوتا ہے۔

# ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں شرکت کی رجسٹریشن
(ورکرز کمپنسیشن قانون §162 کے مطابق تصدیق)

رجسٹریشن سے مراد ورکرز کمپنسیشن کی مراعات کے لیے دعویٰ دائر کرنا نہیں ہے

در معاملہ رجسٹریشن برائے

_______________________________، شرکت کنندہ

*(آپ کا پہلا نام، درمیانی نام اور آخری نام)*

**تصدیق**

ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں شرکت کے سلسلے میں۔

**WCL§162**

**میں،** _______________________________ *(پہلا نام، درمیانی نام اور آخری نام پرنٹ کریں)*

**تصدیق کرتا/کرتی ہوں**

1. میں اوپر نامزد شرکت کنندہ ہوں، اور _______________________________ پر رہتا/رہتی ہوں *(اسٹریٹ نمبر اور نام، شہر، ریاست، زپ کوڈ اور اگر امریکہ میں سکونت پذیر نہیں ہیں تو ملک کا نام فراہم کریں)*۔ میرا ڈاک کا پتہ (اگر رہائشی پتے سے مختلف ہے تو) _______________________________ ہے
میرا ٹیلی فون نمبر _______________ *(علاقائی کوڈ، نمبر)* ہے۔ میرا سوشل سیکیورٹی نمبر _______________ ہے *(اختیاری)* اور میری تاریخ پیدائش _______________ ہے۔

2. میں ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں شرکت کنندہ تھا جیسا کہ یہ اصطلاح ورکرز کمپنسیشن قانون §161 (1) میں بیان کی گئی ہے۔ *(مکمل تعریف کے لیے ہدایتی صفحہ ملاحظہ کریں۔)*

3. میں ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں *(واضح کریں کہ آیا ایک **ملازم** کی حیثیت سے یا **رضاکارانہ** حیثیت)* سے شریک ہوا جیسا کہ ورکرز کمپنسیشن قانون §161 (1) میں بیان کیا گیا ہے _______________. *(کسی فرد نے ایک ملازم کی حیثیت سے شرکت کی تھی تاہم وہ اس وقت اپنی ملازمت کی مدت میں تھا/تھی اور اسے اجرت دی گئی تھی۔ ایک فرد نے رضاکارانہ طور پر شرکت کی تھی تاہم یہ اس کی ملازمت کا حصہ نہیں تھا ان کے آجر کی جانب سے ان کو شرکت کرنے کی ہدایت نہیں دی گئی تھی اور ان کو انجام دی گئی خدمت کے لیے ادائیگی نہیں کی گئی تھی۔)*

4. میری **رضاکارانہ** طور پر انجام دی گئیں سرگرمیوں کے درج ذیل شواہد موجود ہیں _______________________________

_______________________________

*(اپنی رضاکارانہ سرگرمیوں کی تصاویر، بیجز، خطوط، وغیرہ جیسے کسی بھی شواہد کی فہرست درج کریں)۔* ***(اگر آپ نے رضاکارانہ طور پر شرکت نہیں کی، تو اس پیراگراف کو کاٹ دیں۔)***

5. وہ تاریخ (تاریخیں) اور مقام (مقامات) جہاں میں نے شرکت کنندہ کے طور پر کام کیا، اس کام کی تفصیل جو میں نے انجام دیا، شرکت کنندہ ہونے کے دوران میرے آجر کا نام اور پتہ یا اس ایجنسی یا ادارے کا نام جس نے مجھے رضاکارانہ شرکت کرنے کی ہدایت دی، اور انشورنس کیریئر، اگر قابل اطلاق ہو اور/یا میرے آجر کو معلوم ہو، درج ذیل ہیں:

| شرکت کرنے کی تاریخ (تاریخیں) | مقام (مقامات) جہاں شرکت کی | انجام دیے گئے کام کی تفصیل | آجر/ تحفظاتی ادارے یا ایجنسی کا نام | آجر/ تحفظاتی ادارے یا ایجنسی کا پتہ | آجر کے انشورنس کیریئر کا نام (اگر معلوم ہے) |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |

6. میں نے (بیان کریں کہ آیا آپ نے **کیا ہے یا نہیں**) ______________________________ ورکرز کمپنسیشن قانون §162 (1) میں بیان کردہ کے مطابق ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں بچاؤ، بحالی اور/یا صفائی کی کارروائیوں میں اپنی شرکت کے سلسلے میں ورکرز کمپنسیشن بورڈ (جسے یہاں "بورڈ" کہا گیا ہے) کے پاس ایک دعویٰ دائر کیا ہے۔ میں نے اپنا دعویٰ بتاریخ ______________________ *(وہ تاریخ کہ جب دعویٰ ورکرز کمپنسیشن بورڈ کے پاس دائر کیا گیا تھا)* کو دائر کیا اور دائر کردہ دعوے کا "WCB کیس نمبر" ________________ ہے *(ورکرز کمپنسیشن بورڈ کی جانب سے تفویض کردہ آٹھ ہندسی نمبر)*۔

7. میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ اس تصدیق کو بورڈ کے پاس جمع کروانے سے میں وظائف کے لیے دعویٰ دائر نہیں کر رہا/رہی ہوں اور نہ ہی بورڈ کیس فائل تخلیق کرے گا۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ دعویٰ دائر کرنے کے لیے مجھے بروقت بورڈ فارم C-3، ملازم کا دعویٰ برائے معاوضہ، یا فارم WTCVol-3، ورلڈ ٹریڈ سینٹر رضاکار کا دعویٰ برائے معاوضہ بروقت جمع کروانا چاہیئے۔

8. میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ قانون جھوٹی گواہی، بورڈ جیسے عوامی ادارے کے پاس دائر کرنے کی خاطر پیش کردہ تحریری دستاویز میں جان بوجھ کر جھوٹے بیانات دینے، اور انشورنس کے دعوے کے سلسلے میں جان بوجھ کر جھوٹے بیانات دینے کے لیے سزائیں مقرر کرتا ہے۔ ذیل میں اپنے نام کے دستخط کر کے میں جھوٹی گواہی کی سزا کے تحت قسم کھاتا/کھاتی ہوں اور تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے حامل ہٰذا میں جو معلومات اور بیانات دیے ہیں وہ درست ہیں۔

______________________________

**مکمل دستخط**

*(صرف سیاہی استعمال کریں -- اگر ممکن ہو تو نیلا بال پوائنٹ پین استعمال کریں)*

میں اس ______________ دن از ______________________، ______________ نیو یارک کے قوانین کے تحت تعزیراتِ دروغ گوئی کے تحت تصدیق کرتا/کرتی ہوں، جس میں جرمانہ یا سزا شامل ہو سکتی ہے، کہ مذکورہ بالا بیان سچ ہے، اور میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ یہ دستاویز قانونی عدالت میں کارروائی یا عدالتی چارہ جوئی کے لیے دائر کی جا سکتی ہے۔